Fairfax County
PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

گریجویشن کی شرائط برائے 2018-2019 ء اور اسکے بعد 9 ویں گریڈ میں داخل ہونیوالے طلبا و طالبات

لازمی کورسز	**ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ** اسٹینڈرڈ کریڈٹ یونٹس	**ایڈوانسڈاسٹڈیز ڈپلومہ** تصدیق شدہ کریڈٹ یونٹس	**اسٹینڈرڈ ڈپلومہ** اسٹینڈرڈ کریڈٹ یونٹس	**اسٹینڈرڈ ڈپلومہ** تصدیق شدہ کریڈٹ یونٹس
انگریزی: 9, 10, 11, 12	4	2	4	2
ریاضی: **.1 اسٹینڈرڈ ڈپلومہ:** ان میں سے کم ازکم دو مختلف کورسز کا انتخاب: الجبرا I ، جیومیٹری ، الجبرا II یا بورڈ کی جانب سے منظورشدہ ریاضی کے دیگر کورسز ۔ **.2 ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ:** ان میں سے کم ازکم تین مختلف کورسز کا انتخاب: الجبرا I ، جیومیٹری ، الجبرا II یا الجبرا II کی سطح سے اوپر ریاضی کے دیگر کورسز ۔	4	1	3	1
لیبارٹری سائنس: .1 **اسٹینڈرڈ ڈپلومہ:** ان میں سے سائنس کے کم از کم دو مختلف موضوعات کا انتخاب: ارضیاتی سائنس ، حیاتیات ، کیمیا ، یا طبیعات ۔ .2 **ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ:** ان میں سے سائنس کے کم از کم تین مختلف موضوعات کا انتخاب: ارضیاتی سائنس ، حیاتیات ، کیمیا ، یا طبیعات ؛ یا انٹرنیشنل بیکالوریٹ ڈپلومہ کیلئے سائنس کے کورسز کی ترتیب وار تکمیل ضروری ہے ۔	4	1	3	1[1]
تاریخ اور سماجی علوم: .1 **اسٹینڈرڈ ڈپلومہ:** امریکہ / ورجینیا کی تاریخ ، امریکہ / ورجینیا گورنمنٹ ، اور عالمی تاریخ / جغرافیہ I ، یا عالمی تاریخ / جغرافیہ II شامل کیئے جانے چاہئیں ۔ .2 **ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ:** امریکہ / ورجینیا کی تاریخ ، امریکہ / ورجینیا کی حکومت ، عالمی تاریخ / جغرافیہ I ، اور عالمی تاریخ / جغرافیہ II شامل کیئے جانے چاہئیں ۔	4	1	3	1
ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن: 9, 10	2	0	2	0
معاشیات اور ذاتی مالیات	1	0	1	0
عالمی زبان: ایک زبان کے تین سال یا دو زبانوں کے دو سال شامل کیئے جانے چاہئیں ۔	3	0	0	0
فنون لطیفہ یا کیریئر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن (CTE)	1	0	1	0
عالمی زبان ، فنون لطیفہ یا کیریئر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن	0	0	1	0
اختیاری مضامین: متواتر کیئے جانیوالے کم از کم دو اختیاری مضامین شامل کیئے جانے چاہئیں ۔	3	0	4	0
درکارمجموعی کریڈٹس:	26	5	22	5

اضافی شرائط: آن لائن کورس[2]; فرسٹ ایڈ / سی پی آر/ اے ای ڈی تربیت[3]; اور AP/HN/IB/DE کورس ، اعلیٰ درجہ کے کام پر مبنی تعلیمی تجربہ یا CTE سند[4]

[1] صرف اسٹینڈرڈ ڈپلومہ: ایک لیبارٹری سائنس کا تصدیق شدہ کریڈٹ اُن طلبا و طالبات کو دیا جا سکتا ہے جو کیریئر اور ٹیکنیکل ایجوکیشن (CTE) پروگرام کو بالترتیب مکمل کرتے ہیں اور (i) سی ٹی ای فیلڈ میں دو امتحانات یا پیشہ ورانہ قابلیت کی اسیسمنٹس پاس کرتے ہیں جو کسی تسلیم شدہ صنعت ، ٹریڈ ، یا پیشہ ورانہ ایسوسی ایشن سے سرٹیفیکیشن یا پیشہ ورانہ قابلیت کی سند دیتا ہے؛ (ii) کامن ویلتھ آف ورجینیا سے CTE فیلڈ میں دو پیشہ ورانہ لائسنس حاصل کرتے ہیں؛ یا (iii) شق (i) سے ایک امتحان یا قابلیت کی اسیسمنٹ پاس کریں اور شق (ii) سے ایک لائسنس حاصل کریں ۔ امتحان یا پیشہ ورانہ قابلیت کی اسیسمنٹ طالبعلم کی کامیابی کی تصدیق کیلئے ایک اضافی ٹیسٹ کی حیثیت سے بورڈ کی جانب سے منظور شدہ ہونا چاہیئے ۔

[2] طالبعلموں کیلئے ایک آن لائن کورس کامیابی سے مکمل کرنا ضروری ہے ، یہ کوئی بغیر کریڈٹ والا کورس ہو سکتا ہے یا کوئی کریڈٹ والا اختیاری کورس ہو سکتا ہے جو آن لائن پیش کیا جاتا ہے ۔

[3] طالبعلموں کیلئے ہنگامی طبی امداد ، دھڑکن اور سانس کی بحالی کی طبی امداد اور automated external defibrillators (خود کار بیرونی برقی صدمہ) کا استعمال ، جس میں دھڑکن اور سانس کی بحالی کی طبی امداد کی مہارتوں کی عملی مشق ، شامل ہے ، کی تربیت حاصل کرنا ضروری ہے ۔

[4] طلبا وطالبات ایڈوانسڈ پلیسمنٹ ، آنرز ، انٹرنیشنل بیکالوریٹ یا دوہرا انرولمنٹ کورس مکمل کریں گے؛ یا بورڈ کی رہنمائی میں طے شدہ کام پر مبنی تعلیم کے مطابق اعلیٰ درجہ کے کام پر مبنی علمی تجربہ مکمل کریں گے؛ یا بورڈ سے منظورشدہ کیریئر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن تصدیق نامہ حاصل کریں گے ، ماسوائے اس صورت میں جب ایک کیریئر اور ٹیکنیکل ایجوکیشن کا تصدیق نامہ کسی خاص شعبہ مضمون میں فوری طور پر دستیاب نہ ہو ، مناسب نہ ہو یا طالبعلم کی اہلیت پوری طورپر جانچی نہ جاسکے ، اس صورت میں طالبعلم شعبہ مضمون میں اہلیت پر مبنی مناسب ہدایات حاصل کرے گا تاکہ ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ کی شرائط پوری کی جائیں ۔ کیریئر اور ٹیکنیکل ایجوکیشن تصدیق نامہ ، درکار ہونے کی صورت میں ، کسی صنعت کی سرٹیفیکیشن کی کامیابی سے تکمیل ، ایک ریاستی لائسنس کا امتحان ، قومی سطح پر کسی پیشے میں مہارت کا ٹیسٹ ، یا ورجینیا میں کسی جگہ پر کام کرنے کیلئے تیار ہونے کی اسیسمنٹ شامل ہے ۔